روپ نگر لمیٹڈ کا تیار کردہ نرالا شاہکار

رتن اینڈ کو بکسیلرز۔ دریبہ کلاں دھلی

اداکاران:۔ آشا ماتھر۔ ایم رنجن۔ اوشا کرن۔ الہاس۔ ادم جیون۔

سٹوری

نیرا جیون تھیٹر میں ایک مشہور اداکارہ تھی۔ اور راجن اُس کی اداؤں کا دیوانہ۔ اُسے نیرا سے اندھی محبت تھی۔ اور وہ بھی اُس کے عشق کا دم بھرتی تھی۔ راجہ صاحب کو ہرگز یہ گوارا نہ تھا کہ اُن کا اکلوتہ لڑکا راجن ایک معمولی ناچنے والی سے کسی قسم کا رشتہ قائم کرے۔ آگے پردۂ فلم پر دیکھیں۔

گانے

(۱)

میں ساگر کی مست لہر تو آسمان کا چاند
ملن ہو کیسے۔ ملن ہو کیسے۔ ملن ہو کیسے
میرے دل میں کئی ارمان بڑے طوفان
ملن ہو کیسے۔ ملن ہو کیسے۔ ملن ہو کیسے
چاندنی گوری گوری۔ یاد دلائے توری
روؤں میں چوری چوری
میری پریت بڑی مجبور۔ تو مجھ سے دور
ملن ہو کیسے۔ ملن ہو کیسے۔ ملن ہو کیسے

نمبر ۲

نیرا :- آنکھوں سے دُور دِلبر ۔ ہائے مُرے دِلبر
تھک کر پکارے دِل آ جا ستمگر
آئی تیری یاد لیے ۔ آئی تیری یاد لیے
باغوں میں ہو بے ہوے آئے بہار جیسے
زخمی ہُوا دِل ۔ آنکھ ہُوئی تر ۔ آنکھوں سے ......
دِل میں خیال تیرا ۔ ہونٹوں پہ نام تیرا
آ جا ذرا سامنے لیا سلام میرا
تیری قسم مر جاؤں گی بچھڑ کر ۔ آنکھوں سے ......

گیتا :- نمبر ۳

کبھی یہ تو مجھ سے پُوچھو ۔ مجھے تم سے پیار کیوں ہے
دِل بے قرار کیوں ہے
میرے پاس پاس ہو کے کیوں دُور ہو رہے ہو
مجبور کر رہے ہو ۔ مجبور ہو رہے ہو
تم آ چکے ہو پھر بھی مجھے انتظار کیوں ہے
دِل بیقرار ......
میری زندگی میں آ کے ۔ میری حسرتیں جگا کے
مجھے بھُول کے نہ دیکھا کبھی تم نے مُسکرا کے
یہ کہو کہ پھر بھی تم پر مجھے اعتبار کیوں ہے ۔ دِل ....

نمبر ۴

لڑکیاں :- تیرا دل ۔ تیرا دل ۔ تیرا دل

ہریش :- تیرے گالوں پہ اِک تل ۔ میرے سینے پہ اِک تل

تیرے تل پہ آیا دل ۔ ہائے میرا دل ۔ ہائے میرا دل ۔

لڑکیاں :- تیرا دل ......

ترے دل کی بات نرالی ہے میری عمر یا بالی

میں سیدھی بھولی بھالی

ہریش :- ہم جائینگے مِل ۔ میرا مانے نہ دل

میرا دل یہ بات نہ مانے ۔ تجھے جانے نہ پہچانے

کیسے کہتا ہے مِل مِل ۔

ہریش :- ہائے میرا دل ......

لڑکے :- میرا دل ۔ میرا دل ۔ میرا دل ۔

ہریش :- تیرا دل ہے کالا کالا ۔ میرے دل پہ جادو ڈالا

مجھے تم سے نہیں ہے پیار ۔ مت بن گلے کا ہار

میرے قدموں پہ قربان تم جیسوں کے لاکھوں دل

ہریش :- ہائے میرا دل .....

تیرے گالوں پہ ......

ہائے میرا دل ......

نمبر ۵

سیاہ بختی میں کب کوئی کسی کا ساتھ دیتا ہے
کہ تاریکی میں سایہ بھی جُدا انساں سے رہتا ہے

ساتھی نہ بنے کوئی تقدیر کے ماروں کا
انسان کی مجبوری ہے کھیل ستاروں کا

اچھے ہوں اگر دن تو ہمدرد بنے دُنیا
اور دِن جو پلٹ جائیں بیدرد بنے دُنیا
نغمہ نہ سُنے کوئی ٹوٹے ہوئے تاروں کا
ساتھی نہ بنے کوئی تقدیر کے ماروں کا

دو دِن کو بہار آئے اور آ کے چلی جائے
بیتی ہوئی گھڑیوں کی بس یاد ہی رہ جائے
دُنیا میں بھروسہ کیا رنگین بہاروں کا
ساتھی نہ بنے کوئی تقدیر کے ماروں کا

ہونٹوں کو سِے جائے اشکوں کو پِیے جائے
ٹھوکر پہ لگے ٹھوکر اور پھر بھی جِیے جائے
انسان تو قیدی ہے قسمت کے اشاروں کا
ساتھی نہ بنے کوئی تقدیر کے ماروں کا

نمبر ۶

گیتا:۔ زندگی ہم سے ہوئی ہے دُور
پیار نے کیا ہمیں مجبُور
کسیکو یاد کرتے ہیں۔ نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں
ہُوا ہے غم سے دِل پامال۔ نہ پوچھو مجھ سے میرا حال
بنا تھا دل میں جو مہمان۔ اُسے ہائے دِل نہ سکا پہچان
اُسی کو یاد کرتے ہیں۔ نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں
مٹانے کے لئے کیا آشیاں کوئی بناتا ہے
چمن کو باغباں کب اپنے ہاتھوں سے جلاتا ہے
ہوئی کچھ ہم سے ایسی بھُول۔ کھِلے نہ ارمانوں کے پھُول
مگر اب آہ بھرتے ہیں۔ نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں

منیر

چاند سے لے آسمان محفل تیری آباد ہے
چاند کیا جانے زمیں پر اِک دِل برباد ہے
نہ چمکو نہ چمکو چندا آج کی رات۔ نہ چمکو رے آج کی رات
درد کا مارا کوئی برہا کے دُکھ جھیلے
تُو بادل تاروں کے سنگ آنکھ مچولی کھیلے
چھُپ جا بیا نیر بہا میرے ساتھ ساتھ
نہ چمکو نہ چمکو چندا آج کی رات

نیر چاپلئے جی پہ رات سُہانی تیری
ہنس کے نہ دیکھ بیری رُدتی جوانی میری
بن سیّنیاں لاگے ناگن چاندنی رات ۔ نہ چمکو نہ چمکو ۔۔۔۔۔

(ختم شد)

سینما سنگیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۲۵ دلکش گانے درج کئے ہیں جنہیں ۲۵۰ بہترین فلموں میں سے چنا ہے۔ اور جن کو زمانۂ حال کے مشہور ستارے مثلاً "کامنی کوشل نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ ممتاز شانتی۔ نورجہاں۔ مدھوبالا۔ اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ راجکپور۔ ماسٹر سہگل۔ موتی لعل۔ کرن دیوان وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جن کے پڑھنے اور سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے ہارمونیم پر گانے سے تو ان گانوں کے لطف کی کوئی حد نہیں رہتی۔ اگر آپ کو فلمی گانوں کے پڑھنے و سننے کا ذرا بھی شوق ہے تو اس کتاب کو طلب کریں۔

قیمت -/۶/۱ محصول ڈاک -/۶/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی